نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے بہاریہ مکئی کی فی ایکڑ زیادہ پیداوار کیلئے سفارشات جاری کر دیں۔

لاہور: یکم فروری 2022(   ) محکمہ زراعت پنجاب کے ترجمان نے کہا ہے کہ صوبہ پنجاب میں بہاریہ مکئی کی کاشت 22 لاکھ ایکڑ سے زائد رقبہ پر کی جاتی ہے۔مکئی کی کامیاب کاشت کے لئے بھاری میرا، گہری، 1.0 فیصد سے زائد نامیاتی مادہ رکھنے والی، 7 سے 8 پی ایچ کی حامل اور پانی کو بخوبی جذب کرنے والی زمین موزوں ہے۔ریتلی، کلراٹھی اور سیم زدہ زمین مکئی کی کاشت کے لئے موزوں نہیں ہے۔کاشتکار بہاریہ مکئی کی منظور شدہ ہائبرڈ اقسام وائی ایچ 1898، ایف ایچ 988، ایف ایچ 1046 اور وائی ایچ 5427 کی کاشت رواں ماہ کے آخر تک مکمل کر سکتے ہیں اس کے علاوہ مکئی کی منظور شدہ عام اقسام ملکہ 2016، گوہر 19، ساہیوال گولڈ، سمٹ پاک، پاپ 1 اور سویٹ 1 کی کاشت پنجاب کے پہاڑی و میدانی علاقوں میں فروری کے آخر تک کاشت مکمل کر سکتے ہیں۔مکئی کے کاشتکار آبپاش علاقوں میں وٹوں پر کاشت کے لئے شرح بیج 8 تا 10 کلوگرام فی ایکڑ جبکہ بارانی علاقوں میں ڈرل سے کاشت کی صورت میں 12 تا 15 کلوگرام فی ایکڑ بیج استعمال کریں۔زمین کے انتخاب کے دوران زیرِ زمین اچھے پانی کی دستیابی، زمین میں بوئی گئی سابقہ فصل اور کھیتوں کے اردگرد موجود درختوں وغیرہ کو بھی مدنظر رکھنا ضروری ہے۔ترجمان نے مزید کہا کہ بہاریہ مکئی کو بڑھوتری اور برداشت تک لمبے دنوں کی وجہ سے زیادہ روشنی اور مناسب درجہ حرارت ضرورت ہوتی ہے جو پودوں کی صحت اور زیادہ پیداوار کے لئے سودمند ہے۔بہاریہ مکئی کی فی ایکڑ اوسط پیداوار موسمی مکئی کی فی ایکڑ اوسط پیداوار سے تقریباً 20 سے 25 فیصد زیادہ ہوتی ہے۔بہاریہ مکئی کی ہائبرڈ اقسام کو شرقاً غرباً وٹوں کی ڈھلوان پر ایک ایک بیج جنوبی سمت پانی لگانے کے فوراً بعد 6 انچ کے فاصلے پر کاشت کریں۔ہائبرڈ اقسام کیلئے پودوں کی تعداد 26 ہزار جبکہ عام اقسام کیلئے 23 ہزار فی ایکڑ رکھیں۔

☆☆☆☆